# 14-04-2026 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

.1۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ ملک بھر میں حلقوں کی از سر نو حد بندی سے کسی بھی ریاست کے ساتھ ناانصافی نہیں کی جائے گی۔

.2۔چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ حلقوں کی از سر نو حد بندی میں جنوبی ریاستوں کے ساتھ ناانصافی کی جارہی ہے۔

.3۔ریونیو منسٹر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا کہ حکومت ترقی اور بہبود کو متوازی طور پر نافذ کرتے ہوئے ریاست کی جامع ترقی کی سمت گامزن ہے۔

.4۔ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے 135 ویں یوم پیدائش کی تقریبات ریاست بھر میں جوش وخروش سے منائی جارہی ہیں۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کہا کہ ملک بھر میں حلقوں کی حد بندی سے کسی بھی ریاست کے ساتھ ناانصافی نہیں کی جائے گی۔انہوں نے واضح کیا کہ مرکزی حکومت کی پالیسی تمام ریاستوں کے لیے یکساں انصاف کو یقینی بنانا ہے۔انہوں نے کہا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی جس ہائبرڈ ماڈل کا ذکر کررہے ہیں وہ قابل قبول نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ جنوبی ریاستوں کی طرف سے حد بندی کے عمل پر اظہار خیال بے معنی ہے۔انہوں نے تمام ریاستوں سے حد بندی کے عمل میں تعاون کرنے کی اپیل کی۔

CM

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ آبادی کے تناسب سے حلقوں کی حد بندی میں جنوبی ریاستوں کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ جنوبی ریاستوں میں خواتین، ایس سی اور ایس ٹی اس کے نفاذ کی وجہ سے حد بندی میں شدید نقصان اٹھارہے ہیں۔انہوں نے تجویز پیش کی کہ حد بندی 50 فیصد آبادی اور مزید 50 فیصد جی ایس ڈی پی کی بنیاد پر ہائبرڈ ماڈل میں کی جائے۔انہوں نے مرکزی حکومت سے مطالبہ کیا کہ خواتین ریزرویشن کے بہانے جنوبی ریاستوں کا کوٹہ کم نہ کیا جائے۔

Ambedkar Jayanti

ناگر کرنول کے ایم پی ملوروی نے کہا کہ ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو ہندوستانی آئین کے معمار، ایک سماجی مصلح، ماہر اقتصادیات اور سماجی انصاف کے رہنما کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔آج امبیڈکر جینتی کے موقع پر گدوال میں امبیڈکر کے مجسمہ پر گلہائے عقیدت پیش کئے گئے۔کلکٹر رضوان باشاہ شیخ اور ایس پی ٹی سرینواس راؤ نے شرکت کی۔اس کے علاوہ کلکٹر ابھیلاشا ابھینو نے نرمل میں منی ٹینک بند کے قریب امبیڈکر

کے مجسمے کوخراج عقیدت پیش کیا۔کلکٹر نے کہا کہ امبیڈکر ایک دانشور تھے جس پر ملک کے عوام کوفخر کرنا چاہئے۔ایم ایل اے میڈی پلی ستیم نے کہا کہ ڈاکٹر بی آر امبیڈکر ایک وژنری شخصیت تھے جنہوں نے ملک میں ذات پات کے امتیاز کے خلاف۔خواتین اور کارکنوں کے لیے جدوجہد کی۔انہوں نے آج کریم نگر کے کورٹ چوک میں منعقدامبیڈکر جینتی کی تقریبات میں شرکت کی۔سوریا پیٹ کلکٹر تیجس نندلال نے کہا کہ دلتوں کوتعلیمی حقوق اورعزت نفس فراہم کرنے میں امبیڈکر کی کوششیں نا قابل فراموش ہیں۔انہوں نے آج امبیڈکر جینتی کے موقع پر کھمم کراس روڈ پر منعقدہ ایک پروگرام میں شرکت کی۔

Pongelleti Srinivas Reddy

ریونیومنسٹر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا کہ حکومت ترقی اور بہبودکومتوازی طور پر نافذ کرتے ہوئے ریاست کی جامع ترقی کی سمت کام کر رہی ہے۔آج انہوں نے ینگ انڈیا انٹیگریٹڈ ریزیڈنشیل اسکول کے تعمیراتی کام کا سنگ بنیاد رکھا، جوستو پلی حلقہ کے چینور میں تقریباً200 کروڑ کی لاگت سے تعمیر کیا جائے گا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ ریاست کے مالی حالات سازگار نہ ہونے کے باوجود حکومت خلوص نیت کے ساتھ غریبوں کے لیے فلاحی پروگراموں پر عمل پیرا ہے۔انہوں نے کہا کہ ینگ انڈیا اسکولوں کے ذریعہ ہراسکول میں تقریباً2500 طلبہ کو معیاری تعلیم فراہم کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔اس کا مقصد خاص طور پر ایس سی، ایس ٹی، بی سی اور اقلیتی برادریوں کے طلبہ کو بہترین تعلیمی مواقع فراہم کرنا ہے۔

Komat Reddy Venkat Reddy

وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا کہ ان کی حکومت قانون ساز اسمبلیوں میں خواتین کے لیے ریزرویشن کے لیے اس ماہ کی 16 تاریخ کو پارلیمنٹ میں پیش کیے جانے والے خواتین بل کومکمل تعاون فراہم کرے گی۔انہوں نے آج نلگنڈہ ضلع کے تیرتی میں تقریباً10 کروڑ روپے کے مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔اس موقع پر بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ قانون ساز اسمبلیوں میں خواتین کے لیے ریزرویشن ضروری ہے اور انہوں نے یاددلایا کہ خواتین بل ماضی میں یو پی اے حکومت کے دور میں دوبار پیش کیا گیا تھا۔

DGP Shivdhar Reddy

ریاستی ڈی جی پی شیودھر ریڈی نے کہا کہ روڈ سیفٹی کے اصولوں پر صحیح طریقے سے عمل کرتے ہوئے حادثات سے بچنا چاہئے اور جانوں کو بچایا جانا چاہئے۔'پبلک گورننس پروگریس پلان' کے 99 دن کے آپریشن کے ایک حصے کے طور پر، آج نظام آباد پولیس کمشنریٹ کے تحت چندرائن پلی گاؤں میں ویڈیو واقعہ کا پتہ لگانے کے نظام-VIDS کا آغاز کیا گیا۔اس موقع پر بات کرتے ہوئے ڈی جی پی نے کہا کہ چالان سے بچنے کے لیے نہیں بلکہ جان بچانے کے لیے سیٹ بیلٹ باندھنا چاہیے اور ہیلمٹ پہننا چاہیے اورقومی شاہراہ پر دفاعی اور فاصلاتی ڈرائیونگ پر عمل کرنا چاہیے۔

Sridhar Babu

ریاستی آئی ٹی اور قانون سازامور کے وزیر سریدھر بابو نے کہا کہ ریاست میں کانگریس کی حکومت ڈاکٹر بی آرامبیڈکر کے فراہم کردہ تحریک کے مطابق حکومت کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ امبیڈکر صرف کمزور طبقات اور دلتوں سے متعلق شخص نہیں تھے بلکہ وہ تمام طبقات سے متعلق ایک طاقتور قومی رہنما تھے۔وزیر نے پیدا پلی ضلع کے منتھنی میں آج امبیڈکر کی یوم پیدائش تقریبات میں شرکت کی۔انہوں نے کہا کہ مسابقتی امتحانات کی تیاری کرنے والے امیدواروں کے لیے منتھنی میں امبیڈکر اسٹڈی سرکل قائم کیا جائے گا۔

Fire Safety

ریاستی حکومت نے آگ سے بچاؤ اور جانوں کے تحفظ کے اقدامات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے فائر سروسز ایکٹ،1999 میں ترمیم کے لیے ایک مسودہ تیار کیا ہے۔مسودہ۔آگ پر قابو پانے کی پالیسیوں اوران کے نفاذ کے نظام کو مضبوط بنانے،آگ سے بچاؤ کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور عوامی تحفظ کو بنیادی مقصد کے طور پر مناسب منصوبہ بندی کی تیاری پر تیار کیا گیا ہے۔اس سے متعلق تمام تفصیلات متعلقہ محکمہ کی ویب سائٹ پراپ لوڈ کردی گئی ہیں اور عوام 13 مئی تک اپنی آراء اور تجاویز پیش کر سکتے ہیں۔

PONAM

ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے آر ٹی سی ملازمین سے ہڑتال کا فیصلہ واپس لینے کی اپیل کی۔انہوں نے کہا کہ تنظیم کے تحفظ اور عوام کے مفادات کو مدنظر رکھ کر فیصلہ کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ ایک کمیٹی پہلے ہی اس مسئلہ پر کام کر رہی ہے، کیونکہ آر ٹی سی انضمام اور ٹریڈ یونینوں کے معاملات حکومت کے دائرہ کار میں ہیں۔وزیر نے واضح کیا کہ حکومت۔آر ٹی سی ملازمین کے مسائل کو حل کرنے کے لئے ہمیشہ تیار ہے۔انہوں نے کہا کہ حال ہی میں آر ٹی سی ملازمین کے لیے 2.1 فیصد ڈی اے لاگو کیا گیا ہے اور فی الحال ڈی اے کا کوئی بقایا نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ آر ٹی سی ملازمین کے لئے پی آر سی کے مسئلہ پر بھی غور کیا جارہا ہے۔انہوں نے اعلان کیا کہ حکومت ملازمین کی فلاح وبہبود کے لیے پرعزم ہے۔

TGRJC

تلنگانہ گروکل ودیالیاس آرگنائزیشن کے سکریٹری نے ایک بیان میں کہا کہ۔ٹی جی آر جے سی۔سیٹ کا امتحان 35 گروکل جونیئر کالجس اور 93 کستور با گاندھی بالیکا ودیالیوں میں اگلے تعلیمی سال کے لیے انٹرمیڈیٹ کے پہلے سال میں داخلے کے لیے منعقد کیا جائے گا۔سیکرٹری نے انکشاف کیا کہ طلباء کے لئے آن لائن درخواست دینے کی آخری تاریخ کل یعنی 15۔اپریل ہے،اوراب تک 60 ہزار طلباء نے درخواست دی ہے۔۔

Divyang pensions

معذورافراد کے کارپوریشن کے چیئرمین ویرایا نے انکشاف کیا کہ ریاست میں ایک لاکھ نئے درخواست گزاروں کو پنشن فراہم کرنے کے انتظامات کیے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 40 فیصد معذورافراد کو معذورین کے کارپوریشن کی جانب سے درکار جدید آلات مفت فراہم کیے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ پہلے مرحلے میں معذورین میں 4500 اندرماں مکانات اور 2000 اسکوٹی پہلے ہی تقسیم کی جا چکی

ہیں۔

Fire Safety Week

راجنا سرسلہ ضلع کلکٹر گریما اگروال نے مشورہ دیا کہ آگ کے حادثات کو روکنے کے لیے لوگوں کو احتیاطی تدابیر کے بارے میں مہم چلا کر لوگوں کو آگاہ کیا جانا چاہیے۔کلکٹر نے کہا کہ اس ماہ کی 14 سے 20 تاریخ تک فائر فائٹرز ویک کا انعقاد کیا جائے گا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ضلع کلکٹر گریما اگروال نے کہا کہ فائر فائٹرس کی یاد میں ہر سال 14 سے 20 اپریل تک ملک بھر میں فائر فائٹرز ویک کا انعقاد کیا جاتا ہے۔اس پروگرام میں ضلع فائر ڈپارٹمنٹ آفیسر سرینواسا ریڈی اور عملہ نے حصہ لیا۔